© rasailojaraid.com



# جرائم کا سدّ باب اور اسلام

تحریر: محمد ارشد، لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ
گورنمنٹ اسلامیہ ڈگری کالج، نارووال

جرم کے لغوی معنیٰ کاٹنے، خطا اور گناہ کے ہیں (۱) جبکہ اصطلاحی تعریف اصولیین یوں بیان کرتے ہیں:

"الجرائم محظورات شرعية زجر الله عنها بحدٍ او تعزير" (۲)

(جرائم شرعی لحاظ سے وہ ممنوع اور غیر قانونی افعال ہیں جن پر اللہ تعالیٰ نے (بلاواسطہ یا بالواسطہ) زجر و توبیخ کی ہو خواہ حد کے طور پر یا تعزیر کے طور پر)

سو جرم ایسا غیر قانونی عمل ہے جس پر شریعت نے حد یا تعزیر کے طور پر سزا کو بیان کیا ہو۔ علاوہ ازیں کسی ممنوعہ فعل کو کرنا یا کسی لازمی حکم کو نہ ماننا بھی جرم شمار ہوتا ہے۔

الغرض ایک ایسا فعل یا حکم جس پر خدائی قانون کا حکم موجود ہو یا اس کی روشنی میں قانون بنایا گیا ہو۔ اس کی خلاف ورزی کی جائے اور شریعت میں اس پر سزا ہو، شرعاً جرم ہے جبکہ سیکولر نظام میں جرم صرف اس وقت ہوگا جب دنیاوی اتھارٹیز اور حکمرانوں کے بنائے ہوئے قانون کی خلاف ورزی ہو۔ سو یہ سیکولر قانون خود تبدیلی کو چاہتا ہے۔ مسلم اصولیین عام طور پر جرم (Crime) کیلئے الجزیمۃ (Al-Jarimah) اور الجنایۃ (Al-Jinayah) کے الفاظ استعمال کرتے ہیں بلکہ زیادہ تر اصولیین اور قانون دان الجنایہ کی اصطلاح کو صرف ان جرائم کیلئے استعمال کرتے ہیں جو افراد (Perssons) کے خلاف ہوں۔

عبدالقادر عودہ جرم کی تعریف ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

"معنى فعل او ترك نصت الشريعة على تحريمه والعقاب عليه" (۳)

(جرم ایسے کام کا ارتکاب ہے جس کی حرمت پر شریعت کی نص موجود ہو یا ایسے کام کا چھوڑ دینا ہے جس کے چھوڑنے پر شریعت نے سزا مقرر کی ہو)

ان تعریفات سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلامک لاء (Islamic Law) میں جرم تین اجزاء پر مشتمل ہے:

(i) کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا حکم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(ii) شریعت کے اس مخصوص قانون کی خلاف ورزی

(iii) سزا کا بیان

اس سے مراد یہ ہے کہ جرم شریعت کے قانون کی خلاف ورزی سے عبارت ہے۔ اگر قرآن حکیم، سنت نبوی ﷺ کے واضح حکم اور اجماع قطعی کی خلاف ورزی ہو تو یہ واضح خلاف ورزی ہے اور اگر حکومت کی طرف سے شریعت کے عطا کردہ احکام و اختیارات کے مطابق بنائے گئے قوانین کی خلاف ورزی ہو تو بھی قرآنی حکم کی نافرمانی سمجھی جاتی ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے:

''یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ''(۴)

(اے ایمان والو: اللہ اور رسول ﷺ اور صاحبان امر کی اطاعت کرو)

ان دلائل کی بنا پر اگر اسلامی ریاست کے بہبود عامہ کے انتظامی قوانین و ضوابط کی خلاف ورزی ہو تو یہ بھی جرم کے دائرہ کار میں آتی ہے کیونکہ یہ شریعت کے حکم کی بالواسطہ خلاف ورزی ہے۔ مختلف تعزیراتی نظاموں میں کئی افعال ایسے ہیں جو اصطلاحی طور پر جرم میں شمار ہوتے ہیں لیکن ان کے مرتکبین مجرمانہ کردار کے حامل نہیں ہیں جیسے ٹریفک قوانین، عمارات کی تعمیر کے قوانین وغیرہ کی خلاف ورزیاں جرم کے اصل تصور کے تحت نہیں آتے

## قرآن مجید اور لفظ جرم کا استعمال

حقیقت یہ ہے کہ قرآن مجید قانون کی کتاب نہیں اور اس میں ایسی قانونی اصطلاحات استعمال نہیں ہوئیں جنہیں بہت سے قانون دانوں اور اسکالرز نے اختیار کیا ہے۔ قرآن حکیم میں بہت سے الفاظ عام یا خاص اہمیت کے مفہوم کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ مسلم سکالرز عام طور پر قرآن و سنت میں استعمال ہونے والے الفاظ سے اصطلاحات اخذ کرتے ہیں۔ قرآن حکیم میں اس لفظ (مادہ) سے افعال (Verbs) اور اسماء (Nouns) تقریباً ۸۰ (اسی) بار استعمال ہوئے ہیں۔ چند ایک مقامات کا ذکر حسب ذیل ہے۔

۱۔ سَیُصِیْبُ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰہِ (۵) (عنقریب مجرموں کو اللہ کے ہاں ذلت پہنچے گی)

۲۔ وَکَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُجْرِمِیْنَ (۶) (اور اسی طرح ہم مجرموں کو جزا دیتے ہیں)

۳۔ فَعَلَیَّ اِجْرَامِیْ وَاَنَا بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ (۷) (سو میرا جرم مجھ پر ہے اور میں تمہارے جرم سے الگ ہوں)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴۔ اِنَّہٗ مَنْ یَّاْتِ رَبَّہٗ مُجْرِماً (بلاشبہ جو اپنے رب کے ہاں مجرم بن کر آتا ہے اس کیلئے فَاِنَّ لَہٗ جَھَنَّمَ لَایَمُوْتُ فِیْھَا وَلَا یَحْیٰ (۸) دوزخ ہے جس میں وہ نہ مرے نہ جیئے)

۵۔ یَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ یَفْتَدِیْ مِنْ عَذَابِ یَوْمَئِذٍ (۹) (مجرم آرزو کرے گا اس دن کے عذاب سے بچنے کیلئے فدیہ دے دیا جائے)

## حدیث میں لفظ جرم کا استعمال:

حدیث پاک میں یہ لفظ اس طرح استعمال ہوا ہے:

''اعظم المسلمین جرماً عن سال عن شئی لم یحرم علیہ فحرم من اجل مسئلۃ'' (۱۰)

(مسلمانوں میں سب سے بڑا جرم اس مسلمان کا ہے جس نے کسی ایسی چیز کے بارے میں سوال کیا جو پہلے حرام نہ تھی مگر اس کے سوال کی وجہ سے حرام قرار دے دی گئی)

ان آیات اور حدیث میں جرم، اجرام، مجرم، مجرمین، تجرمون، اجرموا کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

## جرم اور گناہ میں فرق:

جرم اور گناہ کے مابین درج ذیل وجوہ کی بناپر فرق بیان کیا جاسکتا ہے:

۱۔ اگر غیر قانونی فعل بیان کردہ شروط (جیسا کہ جرم کی اصطلاحی تعریف میں تین شروط کا بیان ہوا) کے مطابق ہو تو اسے جرم قرار دیا جائے گا اور اگر ان شروط میں سے کوئی شرط مفقود ہو تو گناہ شمار ہوگا۔

۲۔ اگر غیر قانونی فعل اسلامی ریاست میں عدالت یا پولیس کی دست اندازی میں آتا ہو تو جرم کہلائے گا ورنہ وہ فعل گناہ کے درجے میں شمار ہوگا۔ اس لئے یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ ہر گناہ جرم نہیں مگر ہر جرم گناہ ہوتا ہے۔

## انسانی جبلت میں جرم کے دواعی ومحرکات

انسانی فطرت میں نیکی اور بدی دونوں ودیعت کی گئیں ہیں۔ قرآن حکیم کا ارشاد ہے:

''فَاَلْھَمَھَا فُجُوْرَھَا وَتَقْوٰھَا'' (۱۱) (سو اللہ نے نفس کی طرف برائی اور نیکی کو الہام کیا)

سو انسان کے اندر نیکی اور بدی دونوں قوتیں ودیعت کی گئیں ہیں۔ ان دونوں قوتوں میں مقابلہ ہوتا ہے۔ اگر انسان میں نیکی کی قوت غالب آجائے تو وہ اخلاق کی تکمیل حاصل کر لیتا ہے اور اسی بناپر وہ اشرف المخلوقات ہے اور اگر برائی کی قوت غالب آجائے تو وہ چوپایوں سے بھی بدتر ہے۔

قرآن حکیم نفس امارہ کا ذکر اس طرح کرتا ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



''اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْءِ اِلَّا مَارَحِمَ رَبِّیْ''(۱۲)

(بلاشبہ نفس برائی کی طرف بہت حکم دینے والا ہے۔سوائے اس کے جس پر میرے رب نے رحم کیا)

اس آیت میں برائی کی قوت کے غلبے کے وقت نفس کی حالت کا بیان ہے جس میں وہ انسان کو برائی کا حکم دیتا ہے اور اس کو گناہوں اور جرائم پر مائل کرتا ہے۔اسی چیز کو سامنے رکھتے ہوئے ملائکہ نے انسان کی تخلیق کے بارے میں اپنے اشکال کا یوں اظہار کیا۔

''قَالُوْا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَیَسْفِكُ الدِّمَاءَ''(۱۳)

(انہوں نے کہا کیا تو زمین میں ایسے انسان کو بنائے گا جو اس میں فساد کرے گا اور خون بہائے گا)

اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے اس اشکال کو بالکل رد نہیں فرمایا کیونکہ انسان کے اندر نیکی کے ساتھ ساتھ برائی کی یہ قوتیں بھی موجود ہیں۔چنانچہ سورہ آل عمران میں انسانی جبلت کا ذکر اس طرح ہے:

''زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ''(۱۴)

(لوگوں کیلئے عورتوں،بیٹوں،سونے چاندی کے ڈھیروں،نشان زدہ گھوڑوں، مویشیوں اور کھیتوں سے شہوات کی محبت دل کش بنادی گئی ہے۔یہ دنیاوی زندگی کا سامان ہے اور اللہ کے ہاں اچھا ٹھکانہ ہے)

اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ انسان کو کچھ محبتیں اور میلانات عطا کر دیے گئے ہیں: اگر انسان ان چیزوں کو غلط انداز سے حاصل کرنے کی کوشش کرے اور توازن واعتدال سے ہٹ جائے تو پھر انسان برائیوں اور جرائم کا مرتکب ہوتا ہے جیسے:

- ☆ نفسانی اور شہوانی تسکین کیلئے زنا جیسے جرم کا مرتکب ہوتا ہے۔
- ☆ بقاء نسل کیلئے ناجائز ذرائع جیسے جرائم کا مرتکب ہوتا ہے۔
- ☆ مال و دولت کے حصول کیلئے چوری،رہزنی،رشوت،کفر وارتداد جیسے جرائم کا مرتکب ہوتا ہے
- ☆ طاقت وعہدہ کے حصول کیلئے قتل وغارت اور دوسروں کے حقوق غصب کرنے جیسے جرائم کا مرتکب ہوتا ہے۔

یہی وہ بنیادی محرکات وعوامل ہیں جو کسی نہ کسی جرم کے پیچھے پنہاں ہوتے ہیں۔چنانچہ اہل دنیا جب شریعت الٰہیہ سے دور ہوئے تو ان پر برائی کی جبلت غالب آ گئیں۔یہی وجہ ہے کہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دورِ جاہلیت میں عرب وعجم میں کفروشرک کے علاوہ بے شمار معاشرتی واخلاقی جرائم موجود تھے بلکہ وہ جرائم پر فخر وناز اں بھی تھے۔جس کی تفصیل کا یہ موقع نہیں۔قرآن حکیم نے دورجاہلیت کے اس منظر کو یوں بیان فرمایا ہے:

''ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ''(۱۵)

(خشکی اور تری میں فساد ظاہر ہو گا لوگوں کے اعمال کے سبب)

عرب وعجم کے اسے ہیبت ناک منظر کو قرآن حکیم کی آفاقی کرنوں اور رسول اللہؐ کی صحبت وموجودگی نے یکسر تبدیل کر دیا اور یوں ابتداء عرب اور بعدازاں پوری دنیا میں انقلاب برپا کر دیا۔

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تزکیہ نفس اور دلوں کی اصلاح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرائض نبوت کو قرآن حکیم یوں بیان فرماتا ہے:

''يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيٰتِهٖ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ''(۱۶)

وہ (رسول اللہ) ان (لوگوں) پر اس کی آیات تلاوت کرتے ہیں، ان کو (باطنی آلائشوں سے) صاف ستھرا کرتے ہیں اور ان کو کتاب وحکمت سکھاتے ہیں)

ان فرائض میں دوسرا فرض نبوت تزکیہ نفس ہے کہ رسول اللہؐ نے صحابہ کرامؓ کے نفوس کو پاک وصاف کیا اور ان کی زندگیوں میں انقلاب برپا کر دیا۔یہی وجہ ہے کہ صحابہ کرامؓ کی جماعت، عدالت، ریاضت، مجاہدہ اور اخلاق میں یکتا وبے مثال تھی۔لہٰذا عہد نبویؐ میں بہت کم جرائم ہوئے اور جرائم سرزد ہونے کی صورت میں کئی بار خود بارگاہ نبوت میں حاضر ہوتے اور اپنے جرم کا اعتراف کرتے اور یوں مجرموں کو پکڑنے کیلئے پولیس یا دیگر اداروں کو قائم کرنے کی ضرورت نہ تھی۔اس انداز کا احساس گناہ وجرم میں تزکیہ نفس کا نتیجہ ہے۔اس کی متعدد مثالیں کتب احادیث میں موجود ہیں۔مثلاً:

۱۔ حضرت عامر بن مالک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں نے زنا کیا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا رخ انور موڑ لیا۔پھر انہوں نے عرض کیا۔یہاں تک کہ انہوں نے چار بار اقرار کیا۔پھر پوچھا کیا اسے جنون ہے۔اس کا جواب نفی میں آیا۔پھر فرمایا: کیا اس نے شراب پی ہے؟ جواب ملا نہیں۔پھر فرمایا: کیا شادی شدہ ہیں؟ اس کا جواب ہاں میں آیا۔بعدازاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو رجم کرنے کا حکم دیا۔(۱۷)

اسی مقام پر ایک روایت میں ہے کہ انہوں نے آکر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طھرنی (اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم مجھے پاک صاف کیجیے) یہ الفاظ تزکیہ نفس سے لفظی مناسبت بھی رکھتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۔ کئی روایات میں ہے کہ غامدیہ نامی عورت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آئیں اور آکر عرض کیا: میں نے زنا کیا۔ مجھے پاک صاف کیجیے۔ میں حاملہ ہوں۔ فرمایا واپس چلی جاؤ۔ یہاں تک کہ بچہ پیدا ہو جائے۔ جب بچے کی ولادت ہوئی تو دوبارہ حاضرِ خدمت ہوئیں۔ پھر حکم ہوا کہ بچے کو لے جاؤ اور دودھ پلاؤ یہاں تک کہ کھانا شروع کردے۔ وہ پھر حاضر ہوئی اور اس کے ساتھ بچہ بھی تھا جس کے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا تھا۔ پھر آپ ﷺ نے وہ بچہ ایک مسلمان کے حوالے کیا۔ پھر حکم دیا کہ اس کے سینے تک گڑھا کھود دو اور اس کو رجم (سنگسار) کرو۔ (۱۸)

اس روایت کو بار بار پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ غامدیہ میں احساس جرم اس قدر ہے کہ بار بار بارگاہ نبوت میں حاضر ہو رہی ہیں کہ مجھے سزا دی جائے۔ مجھے پاک صاف کیا جائے۔ ان واقعات سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس دور میں تزکیہ نفس اور تربیت کا معیار کس قدر تھا۔

## جرائم کا سدِّ باب اور سزائیں:

اسلام چونکہ قیامت تک کیلئے ایک دائمی اور عالمی دین ہے۔ دوسرے تزکیہ نفس میں سارے لوگ صحابہ کرامؓ کے ہم پلہ نہیں ہو سکتے تھے۔ تیسرے انسانی جبلت وفطرت میں جرم کے دواعی ومحرکات ہونے کے باعث معاشرے میں جرائم کا ارتکاب ایک ضروری اور فطری امر تھا۔ اس لیے ایسے جرائم جو معاشرے میں امن وسکون کے قیام اور لوگوں کی عزت جان اور مال کی حفاظت میں رکاوٹ کا باعث بنتے ہیں، کے سدِّ باب کیلئے اسلام نے صرف تزکیہ نفس عقائد وعبادات اور اخلاقی تعلیمات کے ذریعے جرائم کے سدِّ باب پر اکتفا نہیں بلکہ اس کیلئے حدود وتعزیرات کے سخت قوانین بھی نافذ کیے۔ جن کی بدولت عہد نبوی ﷺ اور عہد خلفاء راشدینؓ میں اسلامی ریاست اپنی سرحدی وسعتوں کے باوجود امن کا گہوارہ بن گئی۔ ذیل میں انہی حدود وتعزیرات کی قدرے تفصیل بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

جرائم کے سدِّ باب کیلئے اسلام نے باقاعدہ حدود وتعزیرات کا نظام دیا ہے۔ یہ سخت سزائیں جرائم کی بیخ کنی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں تاکہ ان سزاؤں کے پیش نظر آدمی جرم کے ارتکاب سے پہلے بارہا سوچے۔ علاوہ ازیں یہ سزائیں دوسروں کیلئے باعث عبرت بھی ہوں۔ یوں اسلام نے مملکت اسلامیہ کے باشندوں کے دین، جان، عزت، مال اور عقل کی حفاظت کیلئے اقدامات کیے ہیں۔

اسلام میں سزاؤں کی تین اقسام ہیں:

۱۔ حدود ۲۔ قصاص و دیت ۳۔ تعزیرات

ان سزاؤں کی قدرے تفصیل درج ذیل ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حدود حد کی تعریف ہے:

''عقوبة مقدرة تجب حقاًللہ''(۱۹)

(وہ مقرر سزا جو حق اللہ کے حق کی حیثیت میں واجب ہوتی ہے)

حدود ایسی سزائیں ہیں جو اللہ ورسول ﷺ کی طرف سے مقرر ہیں۔جن میں کوئی حکمرانت یا قاضی کمی بیشی کر سکتا ہے نہ معاف۔یہ حدود سات ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱۔ حد سرقہ:

کسی عاقل بالغ شخص کا دوسرے شخص کی ایسی چیز کا جس کی مالیت دس درہم یا اس سے زائد ہو یا چوتھائی دینار یا اس سے زائد اس کی جائے حفاظت سے چھپا کر لے لینا سرقہ کہلاتا ہے۔بعض روایات میں حد سرقہ کا نصاب ایک دینار یا ۴/ا دینار یا اس سے زائد بیان کیا گیا ہے۔(۲۰)

شریعت اسلامیہ نے چوری کی سزا قطع ید (ہاتھ کو کاٹنا) رکھی ہے۔قرآن حکیم میں ہے:

''وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا اَیدِیَهُمَا جَزَاءً بِمَا کَسَبَا نَکَالاً مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عَزِیزٌ حَکِیمٌ''(۲۱)

(چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ دو۔یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے عبرتناک سزا اوران کی کمائی کا بدلہ ہے اور اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا بڑی حکمت والا ہے)

قطع ید (ہاتھ کاٹنے) کی سزا اس آدمی،اس کے خاندان اور دیگر لوگوں کیلئے بھی عبرت کا باعث ہے تا کہ لوگ چوری جیسے سنگین جرم سے اجتناب کریں۔اس سزا سے مقصود لوگوں کے مال و دولت کی حفاظت ہے۔

۲۔ حد زنا:

اسلام میں شرک اور قتل جیسے کبیرہ گناہوں کے بعد زنا کو کبیرہ گناہ اور جرم عظیم قرار دیا گیا ہے۔غیر شادی شدہ زانی مرد وعورت کی سزا کو قرآن حکیم میں یوں بیان کیا گیا ہے۔

''اَلزَّانِیَةُ وَالزَّانِی فَاجْلِدُوا کُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ وَّلَا تَاْخُذْکُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِی دِینِ اللّٰهِ اِنْ کُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَلْیَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِینَ''(۲۲)

(زنا کار عورت اور زنا کار مرد دونوں میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو اور تم کو اللہ کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


دین کے معاملے میں ان پر ترس نہ آئے اگر تم اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو اور ان کی سزا کو مؤمنین کی ایک جماعت مشاہدہ کرے۔)

یہ سزا لوگوں کے سامنے دینے کا مقصد یہ ہے کہ لوگ اس سے عبرت حاصل کریں۔ شادی شدہ مرد وعورت کو رجم کی سزا (پتھروں سے اس طرح مارا جائے کہ اس کی موت واقع ہو جائے) ہے۔ احادیث میں رجم کی سزا کا ذکر ہے۔(۲۳) اتنی سخت سزا کی وجہ یہ ہے کہ شادی شدہ مرد وعورت کو جائز ذریعہ میسر ہوتا ہے مگر اس کے باوجود زنا کے مرتکب ہوتے ہیں: یہ سزائیں جہاں زنا کے جرم سے بچانے کا ذریعہ بنتی ہیں وہاں غیرت کی بنا پر قتل وغارت جیسے جرائم سے بھی بچنے کا ذریعہ بنتی ہیں۔

۳۔ حد قذف:

شریعت اسلامیہ میں کسی پاک باز مرد یا پاک باز عورت پر زنا کی تہمت لگانے یا کسی صحیح النسب شخص کے انکار کو کہتے ہیں: قرآن حکیم میں حد قذف کا ذکر ان الفاظ میں ہے:

''وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ یَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمَانِیْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا وَّاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ''(۲۴)

(اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر زنا کی تہمت لگائیں پھر چار گواہ اپنے دعوے پر نہ لا سکیں تو ایسے لوگوں کو اسی کوڑے مارو اور آئندہ کبھی بھی ان کی گواہی قبول نہ کرو اور یہی لوگ فاسق ہیں)

اس آیت میں کسی پاک دامن پر تہمت لگانا جرم رکھ دیا گیا ہے اور اس پر دو سزائیں بیان کی گئیں ہیں:

(i) اسی (۸۰) کوڑے (ii) شہادت کی عدم قبولیت

یہ حد پاک مرد و زن کی عزت کی حفاظت کا ذریعہ ہے اور تہمت کے نتیجے میں لڑائی جھگڑے اور قتل وغارت جیسے جرائم سے بچنے کا سبب بھی ہے۔

۴۔ حد حرابہ: (رہزنی)

ڈکیتی اور رہزنی کو محاربت اور فساد فی الارض سے تعبیر کیا گیا ہے۔ اس سزا کا قرآن حکیم میں اس طرح ذکر ہے:

''اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَیْدِیْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْیٌ فِی الدُّنْیَا وَلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ''(۲۵)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں اور ملک میں فساد برپا کرنے کو دوڑتے ہوتے ہیں ایسے لوگوں کی بس یہی سزا ہے کہ وہ قتل کیے جائیں یا سولی پر چڑھائے جائیں یا ان کے ایک طرف کا ہاتھ اور دوسری طرف کا پاؤں کاٹ دیا جائے یا شہر بدر کردیے جائیں۔ یہ سزا ان کیلئے دنیا میں سخت رسوائی ہے اور آخرت میں ان کیلئے بڑا عذاب ہے)

اس آیت میں ڈکیتی، رہزنی اور دہشت گردی کی سزاؤں کو 'او' (یا) کے ساتھ بیان کیا گیا ہے:

(i) قتل (ii) مخالف سمت سے ہاتھ اور پاؤں کا کاٹنا

(iii) سولی (iv) جلاوطنی

ڈکیتی اور دہشت گردی کی نوعیت کے مطابق ان چاروں سزاؤں میں سے کوئی ایک سزا دی جائے گی۔ یہ حد مختلف قسم کے جرائم سے بچنے کا بڑا مؤثر ذریعہ ہے اور لوگوں کی جان و مال کی حفاظت کا سبب بھی ہے۔

۵۔ حد شرب:

اسلام نے شراب نوشی کو حرام قرار دیا ہے کیونکہ یہ عقل کو زائل کرنے کا سبب ہے۔ اس کی سزا کے بارے میں حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"من شرب بسقة خمر فاجلدوه ثمانين" (۲۶)

(جس نے شراب کا ایک گھونٹ بھی پیا تو اس کو اسی کوڑے لگاؤ)

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے:

"ان النبی ﷺ اتی برجل قد شرب الخمر فجلده بجريدتين نحو اربعين" (۲۷)

ایک شرابی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لایا گیا تو آپ ﷺ نے دو شاخوں والے چالیس کوڑے لگائے)

اس روایت سے شراب نوشی کے متعلق چالیس کے عدد کا معاملہ حل ہو جاتا ہے کہ اگر کوڑا سنگل ہو تو اسی (۸۰) اور اگر دوہرا ہو تو چالیس (۴۰) کوڑے لگائے جائیں۔ فاروق اعظمؓ کے دور میں اسی کے عدد پر اجماع ہو گیا (۲۸)

اسلام نے عقل کے تحفظ کیلئے شراب نوشی کو قابل جرم قرار دیا ہے۔ کیونکہ حالت شراب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں زنا، ڈکیتی اور قتل وغارت جیسے جرائم سرزد ہوتے ہیں۔ شراب نوشی سے اجتناب کی صورت میں ان جرائم سے بچا جا سکتا ہے۔

۶۔ **حد بغاوت:**

امام برحق (عوام یا اہل حل وعقد کا منتخب) کی اطاعت سے اعراض اور اس کے خلاف اٹھ کھڑے ہونا بغاوت کہلاتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"فمن اراد ان یفرق امرھذہ الامۃ وھی جمع فاضربوہ بالسیف کائنا من کان"(۲۹)

(سو جو آدمی اس امت میں تفریق پیدا کرنے کا ارادہ کرے اسے تلوار سے قتل کردو خواہ جو بھی ہو)

اسی طرح ایک اور روایت میں ہے: جب تم کسی ایک آدمی (کی خلافت) پر جمع ہو جاؤ اور اس کے بعد تمہارے پاس کوئی ایسا شخص آئے جو تمہاری طاقت کو توڑنا چاہے یا تمہاری جماعت کو منتشر کرنا چاہے تو ایسے شخص کو قتل کردو۔

ان تمام روایات سے ثابت ہوا کہ بغاوت کی سزا قتل ہے البتہ یہ بات ملحوظ رکھنی چاہیے کہ معصیت اور خلاف شرع حکم میں حاکم کی اطاعت نہ کرنا بغاوت نہیں ہے بلکہ اس کی اطاعت نہ کرنا لازم ہے جیسے حدیث پاک میں ہے:

"لاطاعۃ للمخلوق فی معصیۃ الخالق"(۳۰) (خالق کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت جائز نہیں)

بغاوت پر یہ سزا اس لیے ہے تاکہ امت مسلمہ میں انتشار اور فتنہ نہ پھیلے کیونکہ فتنہ سے بہت سی قتل وغارت ہوتی ہے۔ اسی لئے قرآن حکیم نے فرمایا:

"وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ"(۳۱) (اور فتنہ قتل سے بھی سخت ہے)

سو اسلام نے قتل وغارت جیسے جرائم کی بنیاد بننے والے امر (بغاوت) کو ختم کرنے کا حکم دیا۔

۷۔ **حد ارتداد:**

ارتداد لوٹنے کو کہتے ہیں۔ اصطلاح شریعت میں اسلام سے لوٹ جانے کو ارتداد سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"من بدل دینہ فاقتلوہ"(۳۲) (جس نے اپنے دین کو تبدیل کیا اسے قتل کردو)

حضرت عبداللہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی ایسے مسلمان کا خون جو اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں، حلال نہیں۔ مگر تین صورتوں میں۔ ایک تو شادی شدہ زانی دوسرے قصاص میں اور تیسرے اس شخص کو جو اپنے دین اسلام اور مسلمانوں کی جماعت کو چھوڑنے والا ہو۔(۳۳)

ایک اسلامی مملکت میں اس حد کا اجراء ضروری ہوتا ہے۔ اگر یہ سزا نہ ہو تو بہت سے شر پسند دین اسلام کو مذاق بنالیں کہ صبح اسلام لائیں اور شام کو کافر ہو جائیں۔ اس لیے اسلام کے بارے میں سنجیدہ اور رویہ اختیار کرنے اور اسلامی مملکت کو فتنہ سے محفوظ کرنے کیلئے اس حد کا نفاذ اہمیت کا حامل ہے۔

اس بحث سے معلوم ہوا کہ حدود کے نفاذ کا بنیادی مقصد لوگوں کو جرائم سے بچانا اور ان کے دین، جان، مال، عزت اور عقل کو محفوظ کرنا ہے۔

## ۲۔ قصاص و دیت:

قصاص و دیت میں حدود کے برعکس معافی بھی دی جاسکتی ہے۔ اس لیے یہ حدود میں شمار نہیں ہوتے۔ قصاص کا معنی بدلہ کے ہیں۔ اس کی دو اقسام ہیں:

(i) قصاص فی النفس (ii) قصاص فی الاعضاء

قصاص فی النفس کے حوالے سے قرآن حکیم کا ارشاد ہے:

''یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰی''(۳۴)

(اے ایمان والا: تم پر مقتولوں کے بارے میں قصاص کو فرض کیا گیا)

پھر قرآن پاک میں قصاص کو زندگی سے تعبیر کیا ہے:

''وَلَکُمْ فِی الْقِصَاصِ حَیٰوۃٌ یّٰاُولِی الْاَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْن''(۳۵)

(اے عقل مندو: تمہارے لیے قصاص کے حکم میں زندگی ہے تاکہ تم (خون ریزی سے) بچو)

قرآن حکیم نے ایک انسانی جان کے قتل کو ساری انسانیت کے قتل کے مترادف قرار دیا:

''مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَیْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِی الْاَرْضِ فَکَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِیْعًا''(۳۶)

(جس شخص نے ایک جان کو بلا عوض جان یا زمین میں فساد کے بغیر قتل کیا تو گویا اس نے سب لوگوں کو قتل کر ڈالا)

نفس میں قصاص کے علاوہ اعضاء میں بھی قصاص کا حکم ہے:

''وَالْعَیْنَ بِالْعَیْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وَالْجُرُوْحَ قِصَاص "(۳۷)

(اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں (کا بھی) بدلہ ہے)

قتل خطا میں قصاص کی بجائے دیت (Bloodmony) کو لازم قرار دیا گیا ہے۔ دیت اس مال کو کہتے ہیں جو جان کے عوض مقتول کے ورثاء کو ادا کیا جائے۔ اعضاء اور جوارح کے عوض پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ تاہم عام طور پر اس پر لفظ ارش بولا جاتا ہے۔ دیت کے حوالے سے قرآن پاک میں ہے:

"وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَأً وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰى اَهْلِهٖ "(۳۸)

مومن کے شایان شان نہیں ہے کہ وہ کسی مومن کو قتل کرے سوائے خطا کے اور جس نے مؤمن کو غلطی سے قتل کیا تو اس کے ذمے مومن غلام کو آزاد کرنا اور مقتول کے ورثاء کی طرف دیت حوالے کرنا ہے)

اگر دیت اونٹوں کے ذریعے ادا کی جائے تو سو اونٹ ہوں گے۔ سونے کی صورت میں ایک ہزار دینار اور چاندی کی صورت میں دس ہزار درہم ادا کرنے ہوں گے۔ اعضاء میں بھی دیت ہے۔ بنیادی اعضاء پر پوری دیت ہے۔ بعض اعضاء پر نصف اور بعض پر دیت کا تیسرا حصہ لازم ہوتا ہے۔ تفصیلات کتب فقہ میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

قصاص و دیت کے احکامات انسانی جان کے تحفظ میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ احکامات نہ ہونے کی صورت میں انسانی جانوں کے ضیاع کو روکنا ناممکن ہو جائے اور قاتلوں کو کھلی چھٹی مل جائے۔

### ۳۔ تعزیرات

ایسی سزاؤں کو کہتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے مقرر نہ ہوں بلکہ حاکم اور قاضی صورت حال کے مطابق اس کا تعین کرے۔ ذیل میں تعزیرات کو مرحلہ وار بیان کیا جاتا ہے:

i- وعظ ونصیحت: شریعت نے کئی ایک امور میں ابتداء تذکیر و نصیحت کی تلقین کی ہے جیسے بیویوں کی نافرمانی کے باب میں قرآن حکیم یوں وعظ و نصیحت کی بات یوں کرتا ہے:

"وَالّٰتِىْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ "(۳۹) اور جن عورتوں سے تم کو نافرمانی کا خوف ہو تو ان کو نصیحت کرو)

اس انداز کی تذکیر، وعظ اور نصیحت ان لوگوں کو کی جاتی ہے جن کے جرائم پہلی دفعہ اور معمولی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


نوعیت کے ہوتے ہیں اور یہ سمجھا جاتا ہے کہ اس انداز کی نصیحت انہیں مزید قانون شکنی اور نافرمانی سے بچنے میں معاون ثابت ہوگی۔

ii- توبیخ: اس میں وعظ ونصیحت کی نسبت سختی کا پہلو پایا جاتا ہے۔توبیخ اور ڈانٹ ڈپٹ لفظی بھی ہوسکتی ہے اور جسمانی بھی۔صورت حال کے مطابق دیکھنا ہوگا کہ یہاں زبانی طور پر ڈانٹا جائے یا جسمانی طور پر۔

معروف صحابی حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ ایک دفعہ اپنے غلام سے سخت ناراض ہوئے اور اس کو برا بھلا کہتے ہو۔کہا اے سیاہ فام کے بیٹے۔رسول اللہﷺ ان کی اس بات پر بہت ناخوش ہوئے اور فرمایا: یہاں سفید فام کے بیٹے کو سیاہ فام کے بیٹے پر کوئی فوقیت نہیں ہے۔حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ اس سے بہت زیادہ شرمندہ ہوئے اور انہوں نے اپنی ناک زمین پر رگڑنا شروع کردی اور اپنے غلام سے کہا تم مٹی کو میری ناک پر رگڑنا شروع کردو۔یہاں تک کہ تم مطمئن ہوجاؤ۔(۴۰)

بچوں کو نماز کی ترغیب دینے کے حوالے سے رسول اللہﷺ نے فرمایا:

''علموا الصبی الصلوٰۃ ابن سبع سنن واضربوہ علیہا ابن عشرۃ''(۴۱)

(سات سال کی عمر میں بچے کو نماز پڑھنا سکھاؤ اور دس سال کی عمر میں اس کو مار کر نماز پڑھاؤ)

سو اس حدیث میں ترک نماز کی عادت سے نجات حاصل کرنے کیلئے بچوں کو ترغیب اور توبیخ کا حکم دیا گیا ہے۔

iii- تہدید: اس کا لغوی معنیٰ ڈرانا ہے۔مجرموں کو سزائیں دے کر بھی دوسروں کو جرم سے باز رکھا جاتا ہے۔بعض اوقات مجرموں کے سروں پر تلوار کے لٹکانے سے بھی تہدید ہوتی ہے۔اسی طرح بعض اوقات ان جرائم کی سزاؤں کا ذکر کرکے بھی لوگوں کو جرم سے باز رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ قرآن حکیم نے بھی یہ انداز اپنایا ہے اور جابجا مجرموں کے لیے دوزخ اور اس کی ہولناکیوں کو بیان کیا ہے تاکہ ان کے ذہن پر ان جرائم کی سزائیں نقش ہوجائیں اور یوں ان سزاؤں کے بار بار ذکر سے ان سزاؤں کا یقین بھی ہوجاتا ہے۔اس حوالے سے چند ایک مقامات کا ذکر کیا جاتا ہے۔

''یَوْمَ یُحْمٰی عَلَیْھَا فِی نَارِ جَھَنَّمَ فَتُکْوٰی بِھَا جِبَاھُھُمْ وَجُنُوْبُھُمْ وَظُھُوْرُھُمْ''(۴۲)

جس دن دوزخ کی آگ زکوٰۃ ادا نہ کرنے والوں کے مال پر دہکائیں گے پھر اس سے ان کے ماتھے، کروٹیں اور پیٹھیں داغیں گے)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


''اِنَّہٗ مَنْ یَّاْتِ رَبَّہٗ مُجْرِمًافَاِنَّ لَہٗ جَھَنَّمَ لَایَمُوْتُ فِیْھَاوَلَا یَحْیٰ ''(۴۳)
(بات یہی ہے کہ جو کوئی اپنے رب کے پاس گناہ لے کر آیا سو اس کے واسطے دوزخ ہے۔اس میں نہ مرتا ہے نہ جیتا ہے)

''اَلَّذِیْنَ یُحْشَرُوْنَ عَلٰی وُجُوْھِھِمْ اِلٰی جَھَنَّمَ اُوْلٰٓئِکَ شَرٌّمَّکَانًا''
(جو لوگ منہ کے بل دوزخ کی طرف گھیر کر لائے جائیں گے انہی لوگوں کا برا ٹھکانا ہے)(۴۴)

''یَوْمَ نَقُوْلُ لِجَھَنَّمَ ھَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ ھَلْ مِنْ مَّزِیْد''(۴۵)
(جس دن ہم دوزخ کو کہیں گے کیا تو بھر چکی اور وہ بولے گی کچھ اور بھی ہے (یعنی مجرموں اور نافرمانوں کو مزید طلب کرے گی)

iv- **الھجر (بائیکاٹ)**: ابتدائی سزاؤں میں سے ایک سزا بائیکاٹ بھی ہے تاکہ بندے میں یہ احساس پیدا کیا جائے کہ وہ ابتدائی مرحلہ پر ہی برائی سے بچ جائے۔قرآن حکیم نے عائلی زندگی کے حوالے سے یوں ذکر فرمایا:

''وَاھْجُرُوْھُنَّ فِی الْمَضَاجِعِ''(۴۶)
(بیویوں کو ان کی خواب گاہوں (بستروں) سے جدا کر دو)

اس مقام پر نافرمان خواتین کے رویے کو بہتر بنانے کیلئے وعظ و نصیحت کے بعد خواب گاہوں میں عارضی جدائی کے طریق کو اپنانے کا حکم ہے۔

حضورﷺ کی ذات گرامی نے بھی تعزیر کے طور پر بائیکاٹ کی سزا کو اپنایا اور غزوہ تبوک میں شرکت نہ کرنے والے صحابہ کرامؓ (کعب بن مالک، مرہ بن ربیعہ، ہلال بن امیہ) سے معاملات اور بات چیت سے صحابہ کرامؓ کو بھی منع فرما دیا۔(۴۷) اس واقعہ کی تفصیلات پڑھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔

اس واقعہ کے پچاس دن بعد قرآن حکیم کی یہ آیت نازل ہوئی۔

''وَعَلَی الثَّلٰثَةِالَّذِیْنَ خُلِّفُوْاحَتّٰی اِذَاضَاقَتْ عَلَیْھِمُ الْاَرْضُ بِمَارَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَیْھِمْ اَنْفُسُھُمْ وَظَنُّوْااَنْ لَّامَلْجَاَمِنَ اللّٰہِ اِلَّااِلَیْہِ ثُمَّ تَابَ عَلَیْھِمْ لِیَتُوْبُوْااِنَّ اللّٰہَ ھُوَالتَّوابُ الرَّحِیْمُ''(۴۸)
(اور تین پیچھے رہ جانے والے افراد پر زمین کشادہ ہونے کے باوجود تنگ ہو گئی اور ان کی زندگیاں ان پر بوجھ بن گئیں اور انہوں نے یقین کر لیا کہ ان کیلئے اللہ کے سوا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کوئی اور پناہ گاہ نہیں ہے۔ پھر اللہ نے ان پر رجوع فرمایا تاکہ وہ توبہ کریں۔ بلاشبہ اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے)

حضرت عمر فاروقؓ نے قید اور جلاوطنی کے ساتھ بائیکاٹ والی سزا بھی دی۔ سزا کے ساتھ ان کی طرف سے یہ اعلان ہوتا کہ کوئی آدمی جرم کرنے والے سے بات چیت نہ کرے جب تک کہ وہ اپنے کیے پر نادم اور شرمندہ نہ ہو اور اپنی اصلاح نہ کر لے۔ انہوں نے اس طرح کی سزا کئی اعلیٰ انتظامی افسروں کو بھی دی۔(۴۹)

۷- تشہیر: اس سزا کا مقصد یہ ہے کہ عوام الناس عبرت حاصل کریں اور وہ ان جرائم کے ارتکاب سے بچنے کی کوشش کریں۔ قرآن حکیم نے زنا پر سو کوڑے کی سزا بیان کرنے کے بعد فرمایا:

''وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ''

(اور مومنین کا ایک گروہ ان کی سزا کے وقت حاضر ہو)

اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے اس عامل زکوٰۃ کی برسرِ عام منبر پر بیٹھ کر مذمت فرمائی، جس نے جمع شدہ مال کے دو حصے کر دیے اور کہا کہ ایک حصہ لوگوں نے مجھے بطور تحفہ دیا ہے اور دوسرا حصہ زکوٰۃ کا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا تو اپنے والدین کے گھر بیٹھا رہتا تو پھر معلوم ہوتا کہ کون تحفے دیتا ہے۔(۵۰)

اس لیے قاضی اور جج کیس کی نوعیت کا جائزہ لے کر فیصلہ میں تحریر کرتا ہے کہ یہ سزا عوام الناس کے سامنے دی جائے گی۔

vi- غرامہ (جرمانہ): جرمانے کی سزا عہد رسالت مآب ﷺ میں دی گئی۔ رسول اللہ ﷺ کے دور میں زکوٰۃ ادا نہ کرنے والے سے زکوٰۃ اور جرمانہ لینے کا ذکر ان الفاظ میں ملتا ہے:

''انا اخذوها وشطر ماله''(۵۱)

(بلاشبہ ہم اس سے زکوٰۃ اور اس کے مال کا آدھا حصہ لینے والے ہیں)

ایک اور روایت میں چوری پر جرمانے کا ذکر یوں ہے:

''من سرق دون ذلك فعليه غرامة مثليه والعقوبة''(۵۲)

(جس نے نصاب سرقہ سے کم مالیت کی چیز چرائی اس پر مسروقہ چیز کی مالیت سے دوگناہ جرمانہ لازم ہوگا اور سزا بھی دی جائے گی)

سو آج کل تعزیر کے طور پر بہت سی بدعنوانیوں پر جرمانے کی سزا دی جاتی ہے۔ جرمانے کی مالیت کا تعین جرم کی نوعیت کے مطابق قاضی کرے گا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



vii- حقوق/عہدے سے محرومی: کسی شخص کو اس کے جرم کی پاداش میں اس کے حقوق سے محروم کیا جاسکتا ہے جیسے کسی کو گواہی سے محروم کرنا یا کسی جرم کے ارتکاب کے باعث اس کو عہدے سے سبکدوش کیا جاسکتا ہے۔ یہ دونوں قسم کی سزائیں بطور تعزیر دی جاتی ہیں۔(۵۳)

viii- حبس وقید: کتاب وسنت میں قید کیلئے متعدد الفاظ استعمال کیے گئے ہیں جیسے حبس، سجن، نفی، امساک، عزل، تغریب۔قرآن حکیم نے سورہ یوسف میں کئی بار قید کے تصور کو بیان کیا ہے۔خواتین کیلئے عمر قید کا تصور قرآن حکیم میں اس طرح ہے:

''فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ''(۵۴)

(بدکار خواتین) ان کے گھروں میں قید رکھو یہاں تک کہ ان کو موت آجائے)

حدیث پاک میں ہے:

''ان رسول اللہ ﷺ حبس ناساًفی تهمة''(۵۵)

(بلاشبہ رسول اللہ ﷺ نے چند لوگوں کو تہمت کی بنا پر قید میں رکھا)

عہد فاروقیؓ میں قید کی سزا کیلئے باقاعدہ جیل کا قیام عمل میں لایا گیا۔علامہ شبلی نعمانیؒ کہتے ہیں:

''حضرت عمر فاروقؓ نے اول مکہ معظّمہ میں صفوان بن امیہ کا مکان چار ہزار درہم پر خریدا اور اس کو جیل خانہ بنایا پھر اور اضلاع میں بھی جیل جانے بنوائے(۵۶)

آج کے دور میں مختلف جرائم اور بدعنوانیوں پر تعزیر کی بنا پر سزائے قید بھی دی جاسکتی ہے۔

جلد(کوڑے): بعض سزاؤں (شراب نوشی، غیر شادی شدہ کا زنا) میں حد کے طور پر کوڑوں کی سزا ہے۔ اگر ان جرائم کا ثبوت اجرائے حد کیلئے ناکافی ہو تو کم کوڑوں کی سزا دی جاسکتی ہے۔اسی طرح بعض ایسے جرائم جن کا حدود میں شمار نہ ہوتا ہو، میں کوڑوں کی سزا دی جاسکتی ہے۔کوڑوں کی تعداد کا تعین حکومت اور عدالت میں منحصر ہے۔بعض سکالرز نے کم از کم کوڑوں کی تعداد تین بیان کی ہے اور زیادہ سے زیادہ کوڑوں کی تعداد کے بارے میں ایک یہ ہے کہ یہ ننانوے (۹۹) تک ہوسکتی ہے یعنی سو سے کم ہو کیونکہ حد کے طور پر کوڑوں کی تعداد ۱۰۰ کوڑے ہے۔اسی میں دوسرا موقف یہ ہے کہ ان کی تعداد کا تعین جرم کی سنگینی پر منحصر ہے اور یہ تعداد سو(۱۰۰) سے زائد بھی ہوسکتی ہے۔یہ موقف امام مالکؒ نے اختیار کیا ہے۔(۵۷)

ix- جلاوطنی: جلاوطنی کی سزا کا ذکر بھی کتاب وسنت میں موجود ہے۔قرآن مجید میں آیت محاربت میں ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْض" (۵۸) (یا ان محاربین کو جلاوطن کر دیا جائے)

اسی طرح حدیث پاک میں رسول اللہ ﷺ نے غیر شادی شدہ زانی کیلئے فرمایا:

"جلد مائۃ وتغریب عام" (۵۹) (سو کوڑے اور ایک سال کی جلاوطنی)

عہد فاروقی میں بہت سے واقعات میں جلاوطنی کی سزا دی گئی۔ آج بھی مختلف جرائم میں ان کی سنگینی یا مجرموں کی صورت حال کے مطابق جلاوطنی کی سزا بطور تعزیر دی جا سکتی ہے۔

xi- قتل: عام طور پر تعزیر کم سنگین جرائم سے متعلق ہے۔ سزائے موت عام طور پر زیادہ سنگین جرائم پر دی جاتی ہے۔ بہرحال اسلامی قانون تعزیرات کا عمومی اصول یہ ہے کہ ترجیحاً سزائے موت تعزیر کے طور پر نہیں دی جانی چاہیے۔ تاہم بہت سے اصولیین کا اس بات سے اتفاق ہے کہ اگر ضرورت ہو تو سزائے موت بھی تعزیراً دی جا سکتی ہے۔ جیسے منشیات کی خرید و فروخت پر کیونکہ یہ ایک نہیں بلکہ کئی جانوں کے ضیاع کا باعث ہے۔ اسلام کے قانونِ تعزیرات میں قتل کی سزا پر مغرب کا اعتراض بالکل درست نہیں ہے کیونکہ برطانیہ میں ۲۰۰ کے قریب اور فرانس میں ۱۱۵ جرائم میں قتل کی سزا ہے۔ (۶۰)

xii- صلب/سولی: سولی چڑھانے کا ذکر آیت محاربت میں یوں ہے:

"اَوْ تُصَلَّبُوْا" (۶۱) (یا ان محاربین کو سولی دی جائے)

یہ سزا ان سنگین جرائم پر بطور تعزیر دی جا سکتی ہے جو کہ حدود کے تحت نہیں آتے۔ جیسے بچوں کے اغواء برائے تاوان پر۔ اسی طرح قومی مجرموں، رشوت کی بیخ کنی کیلئے راشی افسروں کیلئے سولی کی سزا مجرمین کے ساتھ ساتھ دیگر لوگوں کیلئے بھی عبرت کا نشان ہوگی۔ ایسے ہی گینگ ریپ کے مجرموں کیلئے عبرتناک سزا تمام لوگوں کیلئے باعث عبرت ہوگی بلکہ بعض صورتوں میں سرِ عام پھانسی اور پھر تا دیر نعش سولی پر لٹکتے رہنا انتہائی عبرت کا سبب ہوگی۔

اسلام میں قصاص و دیت، حدود اور تعزیرات کے ضمن میں یہ سزائیں معاشرے میں جرائم کے سدباب اور امن و امان کی فراہمی میں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔

## اسلامی ریاست میں جرائم کے سدباب کے ادارے

اسلامی ریاست کے باشندوں کو امن و سلامتی اور ان کے جان و مال کو تحفظ میسر ہوتا ہے اور یہ تبھی ممکن ہے جب کہ وہاں جرائم کا مکمل سدباب ہو۔ اسلامی ریاست جہاں اپنی رعایا کو بہت سی سہولیات فراہم کرتی ہے۔ وہاں ان کو نیکی کا حکم دینے اور برائی سے منع کرنے کی ذمہ داری بھی سونپتی ہے۔ برائی کے خاتمے میں انفرادی سطح پر کردار ادا کرنے کے باوجود معاشرتی اور حکومتی سطح پر قوت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وطاقت کا استعمال انتہائی ضروری ہے۔اسلامی ریاست میں کئی ایک اداروں کا جرائم کے سد باب میں نہایت اہم کردار ہو سکتا ہے۔مثلاً:

(i)امر بالمعروف ونھی عن المنکر کا محکمہ(ii)پولیس اور جیل خانہ جات(ii)عدالتی نظام کا محکمہ

اس اجمال کی تفصیل کچھ یوں ہے:

(ا)امر بالمعروف ونھی عن المنکر کا محکمہ:قرآن حکیم نے حکمرانوں کے فرائض یوں بیان کیے ہیں:

''اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰھُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوۃَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ''(۶۲)

(اگر ہم ان کو زمین میں حکومت دیں تو وہ نماز،زکوٰۃ،بھلائی کا حکم اور برائی سے ممانعت کا نظام نافذ کرتے)

اس آیت میں حکمرانوں کے چار فرائض کا تذکرہ ہے:

(i)نظام صلوٰۃ۔(ii)نظام زکوٰۃ۔(iii)امر بالمعروف۔(iv)نھی عن المنکر

حکومتی سطح پر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا نظام قائم کرنا بھی اس کی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ایسا نہیں ہے کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر انفرادی اور جماعتی وگروہی سطح پر کوئی کرے۔بلکہ حکومت کو باقاعدہ امر بالمعروف اور نھی عن المنکر کا محکمہ قائم کر کے اچھائیوں کی ترغیب اور برائیوں کو ختم کرے۔حکم نبوی ﷺ ہے:

''من رای منکم منکراً فلیغیرہ بیدہ''(۶۳)

تم میں سے جو کوئی برائی دیکھے سو وہ اپنے ہاتھ (طاقت) سے روکے۔

اس حوالے سے حکومتی سطح پر اس محکمہ کے ذریعے بہت سے اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔مثلاً:

(i)ٹی وی/ریڈیو اور وزارت ہذا کا کردار: حکومت کا امر بالمعروف اور نھی عن المنکر کا محکمہ ٹی وی اور ریڈیو کے ذریعے امر بالمعروف اور نھی عن المنکر کا اہتمام کرے اور ان ذریعِ ابلاغ کے باعث تعلیم وتربیت کا اہتمام کرے اور ان کے پروگراموں کو اسلامی تہذیب واخلاق کے مطابق کرے اور ہر وہ پروگرام جو اخلاقیات کو خراب کرنے والا ہو اس کو روک دیا جائے۔

آج کل ٹی وی اور ریڈیو کے ذریعے ترجمہ قرآن اور دیگر اسلامی پروگرام اچھا اقدام ہے لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ بقیہ پروگرامز کا مقصد تخریب اخلاق کی بجائے تعمیر اخلاق ہونا چاہیے تاکہ معاشرے کا مجموعی ماحول نیکی کیلئے سازگار ہو۔اس حوالے سے تعزیرات پاکستان دفعہ ۲۹۴ کے مطابق فحش گانوں پر سزا پر عمل درآمد کیا جائے(۶۴)اور اس ضمن میں مزید قانون سازی بھی کی جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(ii) انٹرنیٹ کا استعمال: آج کل انٹرنیٹ کے ذریعے ہر چیز کو پوری دنیا تک پہنچایا جاسکتا ہے اس لیے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا محکمہ سرکاری سطح پر اسلامی تعلیمات فیڈ کرے۔ اگرچہ مختلف افراد اور تنظیمات یہ کام کر رہی ہیں مگر اس میں وسعت اور یکسانیت کا فقدان ہے۔ حکومت کی اس وزارت کو انٹرنیٹ کے ذریعے برائی کی اشاعت کو روکنے کیلئے اقدامات کرنے چاہیں اور پرائیویٹ سیکٹر کی ویب سائٹس کو چیک کیا جائے اور ان کیلئے وضع کردہ ضابطہ اخلاق کی پابندی نہ کرنے والی تنظیمات کے خلاف تادیبی کاروائی کی جائے۔

iii- اخبارات ورسائل: حکومت کی اس وزارت کے فرائض میں سے یہ بھی ہے کہ اخبارات ورسائل (پرنٹ میڈیا) کے ذریعے نیکیوں اور اچھائیوں کی ترغیب اور برائیوں سے بچاؤ کا اہتمام کرے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اخبارات ورسائل کو جو ضابطہ اخلاق دیا گیا ہے اور اس حوالے سے جو ملکی قوانین بنائے گئے ہیں۔ ان پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے جیسے تعزیرات پاکستان دفعہ ۲۹۲ کے مطابق فحش کتب، پمفلٹ، اخبار، پرنٹنگ اور تصویر کھینچنے، تقسیم کرنے اور رکھنے پر تین ماہ کی سزا یا جرمانہ یا دونوں سزائیں ہیں۔ (۶۵)

آج کل اخبارات ورسائل کے سرورق پر خواتین کی نیم عریاں تصاویر شائع کر کے اس کی اشاعت کو بڑھانے کی تدبیر کی جاتی ہے مگر دراصل یہ نوجوان نسل کے ہیجان انگیز جذبات ابھارنے اور ان کو بے راہ روی پر مائل کرنے کا باعث ہے۔ وزارت ہذا اس طرح کے وہ تمام اقدامات کرے جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے تحت حکومت کے ذمے لازم ہیں۔ حکمران اس فریضہ کو وزارت مذہبی امور اور وزارت اطلاعات کے ذریعہ سے بھی سرانجام دے سکتے ہیں۔

## ۲۔ پولیس وجیل خانہ جات

i- پولیس: پولیس کے مقاصد وفرائض میں نظم ونسق کا قائم رکھنے، قانون شکنی اور جرائم کی روک تھام کے ساتھ ساتھ لوگوں کے جان ومال کی حفاظت بھی ہے۔

عہد رسالت مآب ﷺ میں حبس وقید کی سزا تو تھی مگر ایسے لوگوں کو پکڑنے اور سزا دلوانے کے حوالے سے باقاعدہ محکمہ نہ تھا۔ محکمہ پولیس باقاعدہ عہد فاروقیؓ میں قائم ہوا۔ علامہ شبلی نعمانیؒ کہتے ہیں۔ پولیس کا محکمہ مستقل طور پر عمر فاروقؓ کے زمانہ میں قائم ہوا۔ اس وقت اس کا نام احداث تھا۔ پولیس افسران کو صاحب الاحداث کہتے تھے۔ انہوں نے حضرت ابو ہریرہؓ کو تصریح کے ساتھ پولیس کے اختیارات دیے مثلاً دوکاندار ترازو میں دھوکہ نہ دینے پائیں۔ کوئی شخص سڑک پر مکان نہ بنائے (ناجائز

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تجاوزات سے روکا جائے) جانوروں پر زیادہ بوجھ نہ لادا جائے۔شراب اعلانیہ نہ بکنے پائے۔(٦٦)

سو آج کل پولیس کو شراب اور منشیات جیسی حرام اشیاء کی خرید و فروخت اور برائی و عصمت فروشی کے اڈوں کا خاتمہ کرنے میں اہم کردار ادا کرنا چاہیے۔اسی طرح جدید آلات سے لیس ہو کر دہشت گردی کی پیش بندی کرنی چاہیے تاکہ لوگوں کے جان و مال محفوظ رہ سکیں۔پولیس کی تنخواہیں مناسب ہونی چاہیں تاکہ وہ مجبور ہو کر رشوت نہ لیں اور بنیادی سہولیات وضروریات کی فراہمی کے باوجود اگر رشوت لیں تو ایسے لوگوں سے سختی سے نمٹا جائے۔آج کل پولیس ایکٹ ۲۰۰۲ء لاگیا ہے جس میں کئی ایک اصلاحات ہیں۔بہر صورت پولیس کو آج مجرموں کی پشت پناہی کی بجائے مجرموں کی بیخ کنی کرنی چاہیے۔تھانے کے ماحول کو ایسا بنائیں کہ شریف آدمی تھانے میں آتے ہوئے نہ جھجھکے۔ اور یہ ادارہ رشوت سے مکمل طور پر آزاد ہونا چاہیے۔اس کیلئے اوپر کی سطح سے احتساب ہونا چاہیے تاکہ تھانے بیچنے کا تصور ختم ہو سکے۔

ii- جیل خانہ جات: قرآن حکیم میں سورۃ یوسف میں کئی بار قید کا ذکر ملتا ہے۔سورۃ نساء میں بھی خواتین کو عمر قید کا تصور ملتا ہے۔عہد رسالت مآب ﷺ میں مختلف غزوات میں قیدیوں کا ذکر ملتا ہے نیز تہمت کی بنا پر حبس و قید کی مثالیں بھی ملتی ہیں۔(٦٧) فاروق اعظمؓ نے باقاعدہ جیل خانہ جات کا آغاز کیا اور مکہ میں صفوان بن امیہ کا مکان لے کر جیل بنائی۔(٦٨) اس کا بنیادی مقصد مجرموں کی اصلاح تھا تاکہ ان کو گناہ اور جرم کا احساس دلایا جائے اور دوبارہ ایک مفید شہری بنایا جائے۔ہمارے ہاں اس مقصد کا الٹ ہو رہا ہے۔ایک بے گناہ آدمی مجرم اور ایک عام مجرم بڑا مجرم بن کر نکلتا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ جیل خانہ جات کے مقصد کو پورا کیا جائے۔وہاں پر مناسب تعلیم کا بندوبست کیا جائے۔حکومت وقت جیل کے حالات کو بہتر بنائے اور اسے اصلاح کا ذریعہ بنائے تو اس سے یقیناً مجرمین اور جرائم میں کمی ہو گی۔

۳۔ عدالتی نظام: اسلامی ریاست میں جرائم کے سدباب کیلئے عدالتی نظام انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔اگر عدالتی نظام بالکل ٹھیک ہو اور مجرموں کو بروقت سزائیں مل رہی ہوں تو پھر معاشرے میں جرائم کا خاتمہ ممکن ہو سکتا ہے۔ہمارا عدالتی نظام خاصا اصلاح طلب ہے۔اگر یہ اصلاح ہو جائے تو عدالتی نظام بہت بہتر ہو سکتا ہے۔

رشوت کی لعنت: اسلام نے رشوت جیسے سنگین معاشرتی جرم کی مذمت کی ہے۔قرآن حکیم نے یہودیوں کے متعلق ان کی دو برائیوں کو بطور مذمت بیان کیا ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



''سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ''(۶۹)

(جھوٹی بات بنانے کیلئے جاسوسی کرنے والے اور رشوت کا حرام مال کھانے والے)

اسی طرح رشوت کے معاملے میں دلال بننے والے لوگوں کے بارے میں فرمایا:

''وَلَاتَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْابِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًامِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ''(۷۰)

(اور تم ایک دوسرے کا مالِ ناحق نہ کھاؤ (اس طرح کہ) ان کو (راشی) حکام کے پاس پہنچاؤ تاکہ لوگوں کے مال ناجائز طور پر کھالو اور تم جانتے ہو)

حدیث پاک میں رشوت کی مذمت یوں بیان کی گئی ہے:

''لعن رسول اللہ ﷺ الراشی والمرتشی فی الحکم''(۷۱)

رسول اللہ ﷺ نے رشوت لینے والے اور دینے والے پر لعنت بھیجی)

اس معاشرتی برائی سے اجتناب لازم ہے کہ رشوت ستانی کے عام ہونے سے انصاف کا خون ہوتا ہے اور عدالتی نظام تباہ ہو جاتا ہے اور پھر اس صورت میں حدود اللہ قائم نہیں ہوتیں اور دوسرا یہ کہ بعض لوگوں کو ان کے حقوق سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

**عدلیہ کے ماتحت عملہ میں کرپشن:** ہمارے ہاں عدلیہ کا ماتحت عملہ کرپشن کے حوالے سے بہت بدنام ہو چکا ہے جس کی وجہ سے غریب آدمی کو عدل کا حصول انتہائی مشکل ہو گیا ہے۔ ریڈر' سٹینو' کلرک' نائب کورٹ وغیرہ ایک جائز اور قانونی کام کرنے کے بھی پیسے لیتے ہیں جیسے جج کا فیصلہ لکھنے اور اس کی نقل دینا ان کی ذمہ داری میں شامل ہونے کے باوجود اس کی فیس وصول کی جاتی ہے ورنہ تاخیر کا حربہ استعمال کیا جاتا ہے تاکہ لوگ رشوت دینے پر مجبور ہوں۔ اگر کسی کا کیس (Case) مؤخر کرنا ہو تو ریڈرز وغیرہ کا فائل کو نیچے رکھ دینا بڑی معمولی بات ہے۔

**عدلیہ میں رشوت کے خاتمے کیلئے چند تجاویز:** رشوت کے خاتمے کیلئے ضروری ہے کہ چند اہم امور کا لحاظ رکھا جائے جیسا کہ عہد فاروقیؓ میں عدلیہ کو رشوت سے بچانے کیلئے باقاعدہ اہتمام کیا گیا (۷۲)

(i) زیادہ تنخواہیں مقرر کرنا (ii) جج کا دولت مند اور معزز ہونا (iii) تجارت کی ممانعت

تنخواہوں کا زیادہ ہونا اس لیے ضروری ہے تاکہ کوئی جج اپنی معاشی مجبوریوں کی وجہ سے رشوت لینے پر مجبور نہ ہو۔ آج کل سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے ججوں کو مناسب تنخواہیں اور سہولیات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حاصل ہیں مگر ضلعی سطح پر ابھی خاصی کمی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جج کا معزز اور دولت مند گھرانے سے تعلق ہونا اس لیے ضروری ہے کہ اس پر کسی دوسرے کا پریشر اور رعب طاری نہ ہو اور وہ جرات مندانہ اور دلیرانہ فیصلے کرے۔ اسی طرح وہ مال و دولت کا لالچ نہ کرے اور اپنے خاندان کی عزت کا لحاظ بھی کرے۔

تیسری بات یہ ہے کہ کوئی جج تجارت نہ کرے کیونکہ اس صورت میں اس کا عام لوگوں سے رابطہ ہوگا اور وہ اس کی حیثیت سے فائدہ اٹھانے کیلئے زیادہ منافع دے سکتے ہیں جو کہ رشوت کی ہی ایک شکل ہوتی ہے۔

**ججوں کیلئے تحائف پر پابندی:** عہد رسالت مآب ﷺ میں عمال کیلئے تحائف لینے کی ممانعت تھی۔ (۷۳) پھر عہد فاروقیؓ میں بھی اس پر باقاعدہ عمل کیا گیا اور اس طرح کے تحائف والے سامان کو بیت المال میں داخل کروادیا گیا۔ (۷۴) تعزیرات پاکستان دفعہ ۱۶۱ میں کسی سرکاری ملازم کو کسی قسم کا معاوضہ لینے کی ممانعت کی گئی ہے۔ (۷۵)

سو آج کے دور میں عدلیہ کو ان اقدامات کی وجہ سے رشوت سے بچایا جاسکتا ہے۔

**فوری اور سستے انصاف کا فقدان:** ہمارے عدالتی نظام میں دو اور خرابیاں بھی ہیں کہ یہاں انصاف بہت مہنگا ہے اور دوسرا یہ کہ انصاف بہت تاخیر سے ملتا ہے۔ ہمارے ہاں کوئی فریق وکیل کے بغیر اپنا مؤقف عدالت میں پیش نہیں کرسکتا۔ ضلع کی سطح پر بھی فیس خاصی زیادہ ہے مگر ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں تو فیس انتہائی زیادہ ہے۔ عام آدمی سپریم کورٹ تک جانے کا سوچ بھی نہیں سکتا اور اس کے ساتھ ساتھ مقدمہ کو غیر ضروری طوالت دے کر حق کے حصول میں تاخیر کی جاتی اور خواہ مخواہ تاریخ آگے ڈلوادی جاتی ہے۔ اس کی وجہ سے لوگ حق کے حصول کیلئے عدالتوں میں جانے سے ہچکچاتے ہیں۔

**مقدمات کی بلاوجہ تاخیر کے باعث شہادتوں میں کمی:** بلاوجہ مقدمات کی طوالت کے باعث شہادتوں میں کمی آئی ہے اور لوگ مقدمات میں شہادت دینے سے گریز کرتے ہیں کہ اگر ان کو چند ایک مقدمات میں گواہی دینا پڑگئی تو ان کا کاروبار ٹھپ ہو جائے گا اور یہ بات مسلمہ ہے کہ مقدمات میں فیصلہ جات کی بنیاد شہادتوں پر ہوتی ہے۔ گویا شہادتوں کا نہ ہونا عدل کے حصول میں بہت بڑی رکاوٹ اور مجرموں کو چھوڑ دینے کے مترادف ہے۔

**قانون کی حقیقی بالادستی:** ہمارے ہاں قانون کی بالادستی نہیں ہے۔ صدر، وزیراعظم، گورنر، وزیراعلیٰ جیسے اعلیٰ حکومتی عہدوں پر فائز لوگ عدالت میں حاضر ہونے سے مستثنیٰ ہیں۔ اسی طرح حکمران طبقہ کے خلاف ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے دور میں ہونے والے مقدمات کا فیصلہ عام طور پر ان کے اقتدار سے الگ ہونے کے بعد ہوتا ہے۔

**اسلامی نظریاتی کونسل اور وفاقی شرعی عدالت کا مؤثر کردار**: اسلام میں جرائم کے سدباب کے ضمن میں شرعی سزاؤں کے نفاذ کے حوالے سے ان دونوں اداروں کا کردار بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل کی آراء کو خاص وزن دیا جانا چاہیے۔ پارلیمنٹ مختلف معاملات پر اس کونسل سے مشاورت لے اور بعد ازاں اس کو قانونی شکل دے کر نافذ بھی کریں کیونکہ آئین پاکستان میں مذکور ہے کہ کوئی قانون قرآن وسنت کے منافی نہیں ہوگا۔

وفاقی شرعی عدالت نے کئی اہم قوانین کو غیر اسلامی قرار دے کر ان کو تبدیل کروایا ہے مثلاً حدود آرڈیننس، زکوٰۃ وعشر آرڈیننس، احترام رمضان آرڈیننس اور سود کی حرمت کا مسئلہ۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس کے کردار کو فعال بنایا جائے اور کوشش کی جائے کہ جو قوانین یکسر ختم ہو سکتے ہیں ان کو فوراً تبدیل کر دیا جائے اور دیگر قوانین کو مرحلہ وار تبدیل کیا جائے مگر ان کو بالکل نافذ نہ کرنے کے بہانے تلاش کرنے سے احتراز لازم ہے۔

**محتسب کے ادارے کی توسیع**: جب سے وفاقی اور صوبائی محتسب کا ادارہ قائم ہے تب سے لوگوں کو ایک حد تک ریلیف ملا ہے۔ ایک سائل سادہ کاغذ پر درخواست لکھ کر بغیر کسی وکیل کے براہ راست پیش کرتا ہے اور چند دنوں یا ہفتوں میں اس کا فیصلہ کر دیا جاتا ہے۔ اس سے فوری اور سستے انصاف کا تصور ہمارے سامنے حقیقت بن کر آ گیا ہے۔ اس ادارے کی توسیع انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ اس کے دائرہ کار کی توسیع کے ساتھ ساتھ اس کو ضلع کی سطح پر کر دینا چاہیے تاکہ فوری اور سستے انصاف کی فراہمی جلد ممکن ہو سکے۔ بہرحال ایسے منصوبے کو جلد پایہ تکمیل تک پہنچانا چاہیے۔

**فوری انصاف کیلئے عام عدالتی نظام میں اصلاحات**: فوری اور سستے انصاف کیلئے عدالتی نظام میں بھی بہتری لانی چاہیے۔ اس حوالے سے درج ذیل اقدامات انتہائی مفید ثابت ہو سکتے ہیں:

i- ابتدائی تفتیش دو ہفتے کے اندر مکمل کر لی جائے۔ اب حکومت نے تفتیشی آفیسرز الگ مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس لئے جلد تفتیش ممکن ہو سکے گی۔

ii- عدالت میں شہادتوں والے معاملے کیلئے ایک یا دو ماہ کا وقت مقرر کیا جائے۔

iii- بلاوجہ غیر حاضر ہونے کی بنا پر اس پارٹی کو مناسب جرمانہ کیا جائے اور وہ حاضر ہونے والی پارٹی کو دیا جائے۔

iv- دو یا تین دفعہ غیر حاضر ہونے پر اس فریق کے خلاف فیصلہ کر دیا جائے۔

اس طرح جلد فیصلے کی صورت میں سزا کا مقصد (حصول عبرت) بھی پورا ہوگا اور زیادہ رقم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھی خرچ نہیں ہوگی۔

## نتائج بحث

اس درج بالا ساری بحث سے درج ذیل نتائج سامنے آتے ہیں:

۱۔ ہر وہ فعل جس کے ارتکاب پر سزا ہو اس کو جرم سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

۲۔ اسلامی عقائد (توحید و رسالت، آسمانی کتب، ملائکہ، آخرت) جرائم کے سد باب میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

۳۔ عبادات (نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج) اخلاقیات (اعتدال، صدق، تواضع، صبر، شکر، ایثار، حسن ظن) اور معاملات میں سے بہت سے احکامات جرائم کے سد باب میں بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔

۴۔ قصاص کی سزا کا حکم زندگی کی علامت ہے اور قتل خطا میں دیت (خون بہا) انسانی خون کے ضیاع کو روکنے کا بڑا مؤثر ذریعہ ہے۔

۵۔ حدود جان، دین، مال، عزت اور عقل کے تحفظ کے ساتھ ساتھ جرائم کی بیخ کنی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

۶۔ تعزیرات میں جرم کے مطابق جرمانے، عہدے سے معزولی، قید، جلاوطنی، کوڑے، قتل، سولی جیسے سزائیں جرائم کو روکنے کا اہم سبب ہیں۔

۷۔ حکومتی سطح پر پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کو نیکی پھیلانے اور برائی روکنے کیلئے استعمال کیا جانا چاہیے تاکہ جرائم کا سبب بننے والے ماحول کا خاتمہ ہو سکے۔

۸۔ پولیس اور جیل خانہ جات کے نظام میں اصلاحات کی جائیں اور ان کو مجرموں کی اصلاح کیلئے استعمال کیا جائے۔

۹۔ فوری اور سستے انصاف کیلئے ضلعی محتسب کا ادارہ قائم ہونا چاہیے۔

۱۰۔ عام عدالتی نظام میں بھی فوری اور سستے انصاف کیلئے اقدامات کرتے ہوئے مقررہ مدت میں فیصلے کرنے چاہیں۔

۱۱۔ عدالت، اس کے ماتحت عملہ اور پولیس سے کرپشن کا مکمل خاتمہ لازمی ہے۔

۱۲۔ رشوت سے بچانے کیلئے اس کے اسباب کو ختم کرنے کیلئے اقدامات ضروری ہیں۔

۱۳۔ اسلامی نظریاتی کونسل اور وفاقی شرعی عدالت کا مؤثر اور فعال کردار قوانین کو اسلام کے مطابق بنانے کیلئے انتہائی ضروری ہے۔

المختصر اسلام کے عقائد، اعمال، اخلاقیات، معاملات، حدود، قصاص و دیت، تعزیرات، حکمران وقت کے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فرض کو ادا کرنا، پولیس اور جیل خانہ جات کی اصلاح اور عدالتی نظام کی اصلاح جیسے امور جرائم کے سد باب میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حوالہ جات


۱۔ لوئیس معلوف، المنجد، دارالمشرق، بیروت ۱۹۷۳ء ص ۸۸

۲۔ الماوردی، ابوالحسن علی بن محمد، ۴۵۰ھ الاحکام السلطانیہ، مصطفٰی البابی، مصر ص ۲۱۹

۳۔ عبدالقادر عودہ، التشریع الجنائی، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۱ھ، ۱:۶۶

۴۔ سورۃ النساء، ۴:۵۹

۵۔ سورۃ الانعام، ۶:۱۲۴

۶۔ سورۃ الاعراف: ۷:۴۰

۷۔ سورۃ ھود، ۱۱:۳۵

۸۔ سورۃ طٰہٰ، ۲۰:۷۴

۹۔ سورۃ المعارج، ۷۰:۱۱

۱۰۔ (الف) البخاری، محمد بن اسماعیل (م ۲۵۶ھ) صحیح، کتاب الاعتصام، قدیمی کتب خانہ، کراچی، ۲:۱۰۸۲

(ب) مسلم، بن حجاج قشیری (م ۲۶۱ھ) صحیح، کتاب الفضائل، قدیمی کتب خانہ کراچی، ۲:۲۶۲

۱۱۔ سورۃ الشمس، ۹۱:۸

۱۲۔ سورۃ یوسف، ۱۲:۵۳

۱۳۔ سورۃ البقرۃ، ۲:۳۰

۱۴۔ سورۃ آل عمران، ۳:۱۴

۱۵۔ سورۃ الروم، ۳۰:۴۱

۱۶۔ سورۃ الجمعۃ، ۶۲:۲

۱۷۔ مسلم، بن حجاج قشیری (م ۲۶۱ھ) صحیح، کتاب الفضائل، قدیمی کتب خانہ کراچی، ۲:۶۷۔۶۶

۱۸۔ ایضاً، ۲:۶۸

۱۹۔ المرغینانی، علی بن ابی بکر (م ۵۹۳ھ) الھدایۃ، کتاب الحدود، مکتبہ شرکۃ علمیۃ، ملتان، ۱:۵۰۶
قصاص کو اس لئے حد نہیں کہتے کہ وہ حق عبد ہے اور تعزیر کو اس لیے نہیں کہتے کہ وہ معین نہیں ہے۔

۲۰۔ درہم (چاندی کا سکہ جس کا وزن 2.97 گرام ہے) دینار (سونے کا سکہ جس کا وزن 2.25 گرام ہے) چاندی کے نصاب کی قیمت سونے کے نصاب کے مقابلے میں کم ہے۔ زکوٰۃ کے برعکس حد سرقہ میں کم مالیت والے نصاب کی بجائے زیادہ مالیت والے نصاب پر ہوگا کیونکہ مسلمہ ضابطہ ہے کہ شبہات سے حد ساقط ہو جاتی ہے۔

۲۱۔ سورۃ المائدۃ، ۵:۳۸

۲۲۔ سورۃ النور، ۲۴:۲

۲۳۔ مسلم، کتاب الحدود، ۲:۶۶

۲۴۔ سورۃ النور، ۲۴:۴


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




۲۵۔ سورۃ المائدہ ۵: ۳۳

۲۶۔ الطحاوی ابو جعفر احمد بن محمد (م ۳۲۱ھ) شرح معانی الآثار المکتبۃ الامدادیہ ملتان ۲: ۸۹

۲۷۔ مسلم کتاب الحدود ۲: ۱۷

۲۸۔ وھبۃ الزحیلی الفقہ الاسلامی وادلتہ دار الفکر بیروت

۲۹۔ مشکوٰۃ المصابیح کتاب الامارۃ: ۳۲۰ مسلم کتاب الامارۃ ۲: ۱۲۸

۳۰۔ مشکوٰۃ کتاب الامارۃ: ۳۲۱

۳۱۔ سورۃ البقرۃ ۲: ۱۹۱

۳۲۔ الترمذی محمد بن عیسیٰ (م ۲۷۹ھ) جامع ابواب الحدود مختار اینڈ کمپنی دیوبند انڈیا ۱: ۲۷۰

۳۳۔ ابوداؤد کتاب الحدود ۲: ۲۵۰

۳۴۔ سورۃ البقرۃ ۲: ۱۷۸

۳۵۔ سورۃ البقرۃ ۲: ۱۷۹

۳۶۔ سورۃ المائدہ ۵: ۳۲

۳۷۔ ایضاً: ۴۵

۳۸۔ سورۃ النساء ۴: ۹۲

۳۹۔ ایضاً: ۳۴

۴۰۔ عبدالقادر عودہ التشریع الجنائی مؤسسۃ الرسالۃ بیروت ۱۴۰۱ھ ۱: ۷۰۳

۴۱۔ الترمذی ابواب الصلوٰۃ ۱: ۹۳

۴۲۔ سورۃ التوبہ ۹: ۳۵

۴۳۔ سورۃ طٰہٰ ۲۰: ۷۴

۴۴۔ سورۃ الفرقان ۲۵: ۳۴

۴۵۔ ق ۵۰: ۳۰

۴۶۔ سورۃ النساء ۴: ۳۴

۴۷۔ البخاری کتاب المغازی ۲: ۶۳۴

۴۸۔ سورۃ التوبہ ۹: ۱۱۸

۴۹۔ التشریع الجنائی ۱: ۷۹۲

۵۰۔ البخاری کتاب الحیل ۲: ۱۰۳

۵۱۔ ابوداؤد کتاب الزکوٰۃ ۱: ۲۲۸

۵۲۔ النسائی کتاب قطع السارق ۲: ۲۶۰

۵۳۔ التشریع الجنائی ۱: ۵۔۷۰۴

۵۴۔ سورۃ النساء ۴: ۱۵

۵۵۔ النساء ۴: ۱۵


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۵۶۔ شبلی نعمانی، الفاروق، مکتبہ رحمانیہ لاہور: ۲۲۸

۵۷۔ Dr.Muhammad Tahir-ul-Qadri, Islamic Penal system, Minhaj-ul-Quran publications, Lahore 1995:438

۵۸۔ سورۃ المائدہ ۵:۳۳

۵۹۔ البخاری، کتاب المحاربین ۲:۱۰۱۰

۶۰۔ التشریع الجنائی ۱:۶۸۹

۶۱۔ سورۃ المائدہ ۵:۳۳

۶۲۔ سورۃ الحج ۲۲:۴۱

۶۳۔ مسلم، کتاب الایمان ۱:۵۱

۶۴۔ Dr. Muhammad Tahir-ul-Qadri, Legal Character of Islamic Publications, Idara Minhaj-ul-Quran, Lahore,1988:115

۶۵۔ The Pakistan penal code, Kausar Brothers, Lahore:257

۶۶۔ الفاروق: ۲۲۷

۶۷۔ ابوداؤد، کتاب القضاء ۲:۱۵۵

۶۸۔ الفاروق: ۲۲۸

۶۹۔ سورۃ المائدہ ۵:۴۲

۷۰۔ سورۃ البقرۃ ۲:۱۸۸

۷۱۔ ترمذی، ابواب الاحکام ۱:۱۴۸

۷۲۔ شبلی نعمانی، الفاروق: ۴-۲۲۳

۷۳۔ البخاری، کتاب الحیل ۲:۱۰۳۳

۷۴۔ السرخسی، ابوبکر محمد بن احمد (م ۴۹۰ھ)، المبسوط، دارالمعرفۃ لبنان ۱۳۹۸ھ، ۱۶:۸۲

۷۵۔ The Minor Acts:253-54

© rasailojaraid.com